حیات میں کیا اصلاحات ہوئیں، کون سے نئے شعبے منظم ہوئے، یہ داستان اس مضمون میں شامل ہے۔ پہلا مضمون مشہور مبلغ و مصنف اور صاحب نظر عالم مولانا سید نور الحسن بخاری مرحوم کا ہے تو دوسرا جناب ابوالرشید محمد حسین انصاری کا ہے دونوں مضمون خلوص سے شستہ اور شگفتہ انداز میں لکھے گئے ہیں جن کا بکثرت پھیلانا برادران اہلسنت کا اہم فریضہ ہے۔ امید کہ اس طرف توجہ ہو گی

(۳)

نام کتاب: ماہ محرم اور موجودہ مسلمان مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف
ناشر: ضیاء الحدیث مصطفی آباد، لاہور قیمت: ۶ روپے

ماہ محرم اور موجودہ مسلمان - یہ ۸۰ صفحات کا صاف ستھرا اور خوبصورتی کے ساتھ چھپا ہوا رسالہ مشہور دینی ہفت روزہ "الاعتصام" کے ایڈیٹر جناب حافظ صلاح الدین یوسف کے قلم سے ہے جسے موصوف نے بڑی محنت اور سلیقے سے مرتب کیا ہے۔ ماہ محرم ہمارے ہجری سال کا پہلا مہینہ ہے جس کی دسویں تاریخ خاص طور پر بوجوہ بڑی اہم ہے جس کا ذکر روایات میں آتا ہے لیکن بڑی بدنصیبی کی بات ہے کہ شیعہ اسکول نے ۶۱ھ کے واقعہ کربلا کے بعد اس پورے مہینہ اور خاص طور پر ابتدائی دس ایام کو نالہ و شیون کے ایام بنا لیا اور پھر مزید جو بدعات، خرافات اور شرکیہ رسوم پھیلیں انہوں نے معاشرہ کی دینی جڑیں ہلا دی ہیں افسوس کہ برادرانِ اہلسنت کا بڑا طبقہ ان قباحتوں کا شکار ہو گیا اور انہوں نے مطلق نہ سوچا کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور آیا یہ باتیں صحیح ہیں یا غلط؟ حافظ صاحب نے تحقیق کا حق تو ادا کیا ہی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ دل سوزی اور نصیحت و ہمدردی کے جذبہ سے بھی کام لیا ہے تاکہ عزیزان ملت اپنی اصلاح کا کام کر سکیں ۶ روپے میں یہ رسالہ "ضیاء الحدیث مصطفی آباد (دھرم پورہ) لاہور" سے حاصل کیا جا سکتا ہے اسکی اشاعت وقت کا اہم فریضہ ہے۔

(۴)

نام کتاب: چند غلط فہمیوں کا ازالہ مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف
ناشر: دار الدعوۃ السلفیہ، شیش محل روڈ لاہور۔

چند غلط فہمیوں کا ازالہ۔ یہ رسالہ بھی حافظ صلاح الدین صاحب کے قلم سے ہے جو "دار الدعوۃ السلفیہ شیش محل روڈ لاہور" سے حاصل کیا جا سکتا ہے اس کا پورا نام ہے "اسلامی خلفاء و ملوک اور تاریخ اسلام سے متعلق چند غلط فہمیوں کا ازالہ" قارئین سمجھ گئے ہوں گے ہمارے مخالفین سے بڑھکر "انہوں" نے تاریخ